بسم اللہ الرحمن الرحیم

# خطبہ حجۃ الوداع

## سلامی تعلیمات کا عالمی منشور

روایات
محمد عمار خان ناصر

محاضرات
ابو عمار زاہد الراشدی

— ناشر —

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں


| | | |
|---|---|---|
| کتاب | : | خطبہ حجۃ الوداع: اسلامی تعلیمات کا عالمی منشور |
| روایات (تخریج، ترجمہ) | : | ڈاکٹر حافظ محمد عمار خان ناصر |
| محاضرات | : | مولانا ابو عمار زاہد الراشدی |
| ترتیب | : | حافظ ناصر الدین خان عامر |
| مجموعہ / ایڈیشن | : | ۲۰۰۷ء / دسمبر ۲۰۲۴ء |
| ناشر | : | |
| اشاعت | : | |

# ﴿فہرست﴾

☆ پیش لفظ........................................................... 11

## خطبہ حجۃ الوداع کی روایات

☆ قرآن و سنت........................................................... 13
☆ شرعی احکام و مسائل........................................................... 14
• جاہلی اقدار کا خاتمہ........................................................... 14
• عبادت و اطاعت کا حکم........................................................... 15
• سودی لین دین کی ممانعت........................................................... 16
• حرام اعمال سے بچنے کی تلقین........................................................... 17
• وراثت کے طے شدہ حصے........................................................... 17
• بدکاری کی سزا........................................................... 17
• جہاد فی سبیل اللہ کی فضیلت........................................................... 18
• جان و مال اور آبرو کی حرمت........................................................... 18
☆ باہمی حقوق........................................................... 20
• حسنِ اخلاق........................................................... 20
• ماں کا حق........................................................... 20
• خاوند کا حق........................................................... 21
• عورتوں کے حقوق........................................................... 21
• رشتہ داروں کے حقوق........................................................... 22

• پڑوسیوں کے حقوق........................................................ 22
• غلاموں، ماتحتوں کے حقوق................................................ 23
☆ عدل وانصاف........................................................... 23
• ظلم وزیادتی سے بچنے کا حکم................................................ 23
• ناحق مال کھانے کا ظلم..................................................... 24
• تجارت میں دیانت کی ہدایت............................................... 24
• بے جا قسمیں اٹھانے کی وعید................................................ 25
• قرض اور ودیعت کی واپسی.................................................. 25
☆ معاشرتی مساوات......................................................... 26
• رنگ ونسل کے تفاخر کی نفی................................................. 26
• مسلمانوں کا بھائی چارا...................................................... 26
• باہمی امن وسلامتی.......................................................... 27
☆ صدقہ وخیرات........................................................... 27
• صدقہ کرنے کی تلقین........................................................ 27
• عقیقہ کے متعلق سوال کا جواب............................................... 28
☆ فتنہ وفساد............................................................... 29
• شیطانی حملوں سے آگاہی..................................................... 29
• فتنہ دجال سے خبرداری...................................................... 29
☆ گناہ وثواب.............................................................. 30
• کبیرہ گناہ کون سے ہیں؟.................................................... 30
• نومسلم اہلِ کتاب کے لیے دوہرا اجر.......................................... 30
☆ امت کی راہنمائی.......................................................... 31
• حصولِ علم کی تلقین.......................................................... 31

- اطاعتِ امیر کا حکم.....32
- امت کے لیے خاص دعا.....32
- قریش کو تنبیہ.....33
- علاج معالجہ کی ہدایت.....33
- جائز اور ناجائز عطیہ کا فرق.....33
- ناحق مانگنے کا وبال.....34

☆ روزِ آخرت.....34
- قیامت کا سوال و جواب.....34
- رسول اللہ ﷺ کا حقِ شفاعت.....35
- حوضِ کوثر پر حاضری کے حقدار.....35
- اصل بھلائی کیا ہے؟.....36

☆ پیشین گوئیاں.....36
- آنحضرتؐ کا آخری حج.....36
- قریش میں سے بارہ خلفاء.....36
- خوارج کا قتل.....37

☆ تکمیلِ دین کا اعلان.....37
- تبلیغ و تفہیم کی نصیحت.....38

☆ حج کے احکام و مسائل.....39
- حج کا طے شدہ مہینہ.....39
- حجِ اکبر کا دن.....39
- احرام کا لباس.....40
- میقات کا تقرر.....40
- عرفات کا وقوف.....40

- وقوفِ عرفات کی حد........................................................41
- عرفات میں ظہر اور عصر کا جمع........................................................41
- عرفات کا روزہ؟........................................................42
- یومِ عرفات، مغفرت کا دن........................................................42
- جمرات کی رمی........................................................43
- حرمت کے مہینے........................................................44
- رجب کی قربانی........................................................45
- خطبہ عرفات کے بارے میں متفرق روایات........................................................46
- خطبہ منیٰ کے بارے میں متفرق روایات........................................................48


## نبی اکرمؐ کا خطبہ حجۃ الوداع


☆ حجۃ الوداع........................................................53
- "حجۃ الوداع" کی اصطلاح........................................................53
- ۹ ہجری کا حج: حجۃ الوداع کی پیشگی تیاری........................................................54
- حجۃ الوداع کے خطبات........................................................56

☆ دورِ جاہلیت کا خاتمہ........................................................57
- روشن خیالی: اسلامی تعلیمات اور مغربی فلسفہ کے تین بنیادی فرق........................................................57
- جاہلی اقدار کے متعلق نبی اکرمؐ کا اعلان........................................................60
- تاریخِ انسانی کی کامیاب ترین شخصیت........................................................60
- مغرب، ایک اچھا بیوٹی پارلر........................................................61
- آسمانی تعلیمات اور انسانی خواہشات کا بنیادی اختلاف........................................................61
- آسمانی تعلیمات کا مستند ذخیرہ اور مذاہبِ عالم........................................................63
- "شاہکار اسلامی انسائیکلوپیڈیا"........................................................64

☆ نسلی، لسانی اور طبقاتی تفاخر کا خاتمہ......65
• کعبہ کی چھت پر حضرت بلالؓ کی اذان......65
• عرب اور عجم کا فرق......66
• حضرت عطاء ابن ابی رباحؒ اور خلیفہ سلیمان ابن عبد الملکؒ......67
• حضرت امام مالکؒ اور خلیفہ ہارون الرشیدؒ......68
• فضیلت کا اصل معیار......68
• حضرت لقمانؑ کا کردار اور ابولہب کا نسب......69
• طبقاتی امتیاز کا خاتمہ......70
☆ انتقام در انتقام کی رسم کا خاتمہ......72
• اوس اور خزرج کی نسل در نسل جنگ......73
• حضرت عائشہؓ کا تبصرہ......74
☆ سودی لین دین کا خاتمہ......75
• ارشادِ نبویؐ......75
• حکمِ قرآنی......75
• طائف والوں کا قصہ......76
☆ جان و مال اور آبرو کی حرمت......78
• بیت اللہ اور مسلمان کے خون کی حرمت......79
• حضرت عمرؓ اور حجرِ اسود......79
☆ منہ بولے رشتوں کا خاتمہ......80
• دورِ جاہلیت میں تبنیت کا رواج......80
• حضرت زید ابن حارثہؓ کی تبنیت اور نکاح......81
• ازواجِ مطہراتؓ کی گھریلو زندگی......82
• حضرت عائشہ صدیقہؓ پر تہمت اور حضرت زینبؓ کی گواہی......82

- تبنیت ہمارے معاشرے میں ..... 83
- حج یا عمرہ کے لیے خود ساختہ محرم ..... 84
- رشتوں کے تین شرعی اسباب ..... 84
- رضاعت کے رشتوں کا دھیان رکھنے کی ضرورت ..... 85
- انصار اور مہاجرین میں مُواخات ..... 86
- موالات کا رواج ..... 87

☆ مسلمانوں کے باہمی حقوق ..... 87

- دیانت اور خیانت کا دائرہ ..... 88
- غیبت اور بہتان کا فرق ..... 89
- ایمان، اسلام، ہجرت اور ان کے تقاضے ..... 90
- ظاہری اور باطنی معانی کا فرق ..... 92

☆ عورتوں اور یتیموں کا حساس معاملہ ..... 92

- تعدّدِ ازدواج اور یتامیٰ: حضرت عائشہؓ کی وضاحت ..... 93
- امہات المومنینؓ کی حیثیت ..... 95
- وراثت کا حساس مسئلہ اور شرعی احکام ..... 96
- امامِ اعظم ابو حنیفہؒ کا طرزِ عمل ..... 97
- ہمارے معاشرے میں عورتوں کی مظلومیت ..... 98
- مغربی معاشرے میں عورت کی مظلومیت ..... 100
- اسلام میں عورت کی رائے کا حق ..... 101

☆ غلاموں اور ماتحتوں کا معاملہ ..... 103

- معیارِ زندگی کے بارے ہدایات ..... 103
- ہمارا اخلاقی بحران ..... 104
- ظلم سے بچنے کی تلقین ..... 105

☆ حج کے بارے میں ہدایات............106
• حجِ قران............106
• حجِ تمتُّع............107
• حضرت علیؓ اور حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ کا حج............107
• ننگے طواف کی جاہلی رسم کا خاتمہ............108
☆ اسلامی مملکت کے بارے میں ہدایات............109
• نظامِ خلافت اور تھیاکریسی کا فرق............109
• خلافت: دلیل اور احتساب کا نظام............110
• امیر کی اطاعت کا حکم............111
☆ خیر اور شر کی جنگ............111
• شیطانی مکر و فریب سے بچاؤ............111
• مستقبل کے فتنوں سے آگاہی............112
• مسیح الدجال کا فتنہ اور مسیح ابن مریم علیہما السلام............113
• حضرت حذیفہؓ کا خصوصی ذوق............114
• حضرت خالد بن ولیدؓ کا خراجِ عقیدت............116
☆ قرآن و سنت کی پناہ گاہ............117
• باہمی لڑائیوں کا عذاب............118
• امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ترک کرنے کی سزا............120
☆ ختمِ نبوت کا اعلان............120
• تکمیلِ نبوت کی مثال............121
• حضرت علیؓ کی حضرت ہارونؑ سے مماثلت............122
• ''اینڈ آف دی ہسٹری'' کی حقیقت............123

☆ دین کی تکمیل کا اعلان............................................................123
• حجۃ الوداع کی شان............................................................124
• روزِ قیامت صحابہ کرامؓ کی گواہی............................................................124
• تبلیغِ دین کی ہدایت............................................................126
• اہلِ خانہ کے بارے میں قرآنی ہدایت............................................................127
• محدثین اور فقہاء کی علمی خدمات............................................................128
☆ انسانی حقوق کا پہلا عالمی منشور............................................................129
• امت کی ذمہ داری............................................................129

## ضمیمہ: خطبہ حجۃ الوداع کے اہم نکات

☆ تاریک اور روشن دور کی اسلامی اور مغربی تاریخ............................................................131
☆ خطبہ حجۃ الوداع کی روایات: ڈاکٹر عمار خان ناصر کا انتخاب............................................................132
☆ سرورِ کائناتؐ کا ہمہ جہت اور ہمہ وقت تذکرہ............................................................135
☆ سیرتِ طیبہ کا مستند و محفوظ ذخیرہ............................................................136
☆ خطبہ حجۃ الوداع کی تفصیلات: ڈاکٹر نثار احمد کا انتخاب............................................................137

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیش لفظ

نحمده تبارك وتعالىٰ و نصلي ونسلم علىٰ رسوله الكريم
وعلىٰ آله وأصحابه وأتباعه أجمعين۔

مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ کی سالانہ تعطیلات میں امریکہ جانے کا موقع ملتا ہے تو دار الہدیٰ، اسپرنگ فیلڈ، ورجینیا (واشنگٹن) میں حاضری ہو جاتی ہے اور میرا زیادہ تر قیام وہیں رہتا ہے۔

دار الہدیٰ کے سربراہ مولانا عبد الحمید اصغر حضرت مولانا حافظ غلام حبیب نقشبندی رحمہ اللہ تعالیٰ کے خلفاء میں سے ہیں اور باذوق بزرگ ہیں۔ میری حاضری پر حدیث نبویؐ کے کسی موضوع پر مسلسل لیکچرز کا پروگرام بنا لیتے ہیں اور ان کے ساتھ ساتھ دار الہدیٰ کے نمازیوں کا ذوق و شوق دیکھ کر مجھے بھی خوشی ہوتی ہے۔

ایک سال جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ طیبہ کے حوالے سے مختلف عنوانات پر گفتگو ہوئی، ایک سال سنن ابن ماجہؒ کی کتاب السنۃ کا درس کئی روز تک چلتا رہا، دوسرے سال مسلم شریف کی کتاب الفتن کا درس ہوا، تیسرے سال بخاری شریف کی ثلاثیات کے درس کی فرمائش پوری کی گئی۔ اور اس سال مشورہ ہوا کہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خطبہ حجۃ الوداع کے حوالہ سے گفتگو ہو۔

چنانچہ ۳ ستمبر سے ۷ ستمبر ۲۰۰۷ء تک مسلسل پانچ روز تک خطبہ حجۃ الوداع کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو ہوتی رہی جو روزانہ نماز مغرب کے بعد ہوتی تھی اور کم و بیش ایک گھنٹہ جاری رہتی تھی، باذوق احباب کی خاصی تعداد اس میں شریک رہی۔ میرے چھوٹے بیٹے ناصر الدین عامر نے، جو گزشتہ چند سالوں سے امریکہ میں قیام پذیر ہے، اس گفتگو کو آڈیو ریکارڈنگ کی مدد سے تحریر کر لیا، جس پر اسی کی تحریک سے یہ ارادہ ہوا کہ ان لیکچرز کو خطبہ حجۃ الوداع کے میسّر متن کے ساتھ ایک کتابچہ کی شکل میں شائع کر دیا جائے۔

اس وقت زوّار اکیڈمی پبلیکیشنز کراچی کے جریدہ ششماہی السیرۃ عالمی کے مئی ۲۰۰۳ء کے شمارہ میں شائع ہونے والے خطبہ حجۃ الوداع کا متن میرے سامنے تھا، جو کراچی یونیورسٹی کے شعبہ اسلامی

تاریخ کے سابق صدر پروفیسر ڈاکٹر نثار احمد نے بڑی محنت کے ساتھ مرتب کیا ہے۔ اسی دوران دارالہدیٰ کی لائبریری میں علامہ اقبال انشورنس فاؤنڈیشن کراچی کا شائع کردہ ایک کتابچہ نظر سے گزرا جس میں خطبہ حجۃ الوداع کا متن اردو ترجمہ کے ساتھ شائع کیا گیا ہے، وہ بھی میں نے سامنے رکھ لیا۔ جبکہ عزیزم عامر خان نے تجویز دی کہ حدیث اور سیرت کی دیگر موجود کتابوں کو بھی دیکھ لیا جائے تاکہ اس حوالہ سے جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زیادہ سے زیادہ ارشادات کو جمع کیا جا سکے۔ چنانچہ دارالہدیٰ کی لائبریری میں موجود کتابوں پر ایک نظر ڈالی اور انٹرنیٹ پر موجود صحاح ستہ اور تاریخ کی چند کتابیں بھی دیکھیں اور ''خطبہ حجۃ الوداع'' کے حوالے سے جناب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کا ایک مجموعہ مرتب کر لیا۔

گوجرانوالہ واپسی پر یہ مسودہ میں نے اپنے بڑے بیٹے حافظ محمد عمار خان ناصر کے سپرد کیا تو اس نے محنت کر کے اس پر مزید اچھے خاصے مواد کا اضافہ کر دیا، اس کی تخریج کی اور اسے ازسرنو مرتب کر کے زیادہ جامع اور مفید شکل دے دی، جسے اگرچہ اب بھی مکمل تو نہیں کہا جا سکتا، لیکن ''خطبہ حجۃ الوداع'' کے اب تک شائع ہونے والے متون اور مجموعوں میں میری معلومات کی حد تک بحمد اللہ تعالیٰ یہ زیادہ جامع اور باحوالہ ہے۔

اس طرح اس کتابچہ میں پیش کیا جانے والا متن عزیزم حافظ محمد عمار خان ناصر کا مرتب کردہ ہے، اس کے مختلف پہلوؤں پر دارالہدیٰ اسپرنگ فیلڈ (ورجینیا) کے پانچ روزہ پروگرام میں پیش کی جانے والی معروضات میری ہیں، اور انہیں ضبط تحریر میں لانے اور اس کی اشاعت کے لیے تحریک کرنے کی خدمت میرے چھوٹے بیٹے حافظ ناصر الدین خان عامر نے سرانجام دی ہے۔ ہم تینوں اسے اپنے لیے سعادتِ دارین کا باعث سمجھتے ہوئے قارئین کی خدمت میں پیش کر رہے ہیں، اور بارگاہِ ایزدی میں دعاگو ہیں کہ اللہ رب العزت ہماری اس چھوٹی سی خدمت کو قبول کرتے ہوئے زیادہ سے زیادہ لوگوں کے لیے نافع بنائیں اور ہم سب کو اس کی برکات و ثمرات سے دونوں جہانوں میں بہرہ ور فرمائیں، آمین یارب العالمین۔

ابوعمار زاہد الراشدی

۱۸ اکتوبر ۲۰۰۷ء